محمد اسرار ابن مدنی
نائب مدیر الحق

تعارف و تبصرہ کتب

● الدلیل الضروری لمسائل القدوری ....مولانا امجد حسن خان

ضخامت: ۶۲۷صفحات ناشر: مکتبۃ السنۃ لاہور پاکستان

فقہ حنفی میں مختصر القدوری کی اہمیت اہل علم سے مخفی نہیں جس میں انسانی زندگی کی تمام مسائل بڑے جامع اور سلجھے ہوئے انداز سے حل کئے ہیں۔عربی ، اردو ، فارسی، پشتوان تمام زبانوں میں بکثرت اسکی شروحات پائی جاتی ہیں، اس سلسلہ کی ایک کڑی مولانا امجد حسن خان کی زیر تبصرہ کتاب الدلیل ضروری لمسائل القدوری بھی ہے جس میں موصوف نے اپنے علمی ذوق کے مطابق تحقیقی کام کیا ہے عربی زبان میں یہ شرح قدوری کے تمام مسائل کو بڑے خوبصورت انداز اوراچھے اسلوب میں پیش کرتے ہیں۔موصوف نے نہایت جانفشانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اہم علمی خدمت انجام دی ہے ،تاہم اگراسے جدید تقاضوں کے مطابق کمپوز کر کے شائع کیاجائے تو قارئین کی دشواری ختم ہوگی، اللہ موصوف کی اس کاوش کوشرف قبولیت سے نوازے۔ (مبصر: محمد اسلام حقانی)

● فضلیت علم..................مؤلف: حافظ ابوبکر صدیق

ضخامت: ۱۵۰صفحات ناشر جامعہ زکریارانا ٹاون قائم پور تحصیل......پور ضلع بہاولپور

علم کی اہمیت پر ہر دور کے علماء نے ہر زبان میں اس پر بہت کچھ لکھا اور ہر ایک نے لکھنے کا حق بھی ادا کیا، انہی شخصیات میں ایک نام امام فخر الدین رازی کا بھی ہے ،انہوں نے ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ وعلم آدم الاسماء کلھا کے تحت اپنی مایہ ناز تفسیر مفاتیح الغیب میں آیات قرآنی اورکتب ساویہ اوراحادیث مبارکہ کی روشنی میں علم کی فضیلت ومنقبت کواحسن انداز میں واضح کیا ہے۔

زیر نظر کتاب ''فضیلت علم'' تفسیر کبیر کی اسی حصہ کا سلیس عام فہم ترجمہ ہے ۔مولانا محمد ابوبکر صدیق نے نہایت محنت ،توجہ اورعرق ریزی سے یہ علمی کام سرانجام دے کر مختلف مقامات پر حسب ضرورت معلوماتی اضافوں سے اس کتاب کو مزین فرمایا۔اللہ موصوف کی اس کاوش اورمحنت کوقبول فرما کر اس کتاب کوقبولیت عامہ سے نوازے۔(مبصر: اسلام حقانی)